BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

برامپٹن ٹرانزٹ سروس میں لائی جانی والی بہتریاں 3 ستمبر سے مؤثر ہو رہی ہیں

برامپٹن، آن (9 اگست 2019) - مورخہ 3 ستمبر 2019 سے آغاز کرتے ہوئے برامپٹن ٹرانزٹ اپنے شیڈول میں کئی بہتریوں کو لاگو کرے گا اور دو نئے رُوٹس کا اضافہ بھی کیا جا رہا ہے – یعنی 28 وینلیس اور 81 مے فیلڈ ویسٹ پر اور 50A گور روڈ پر ایک نئی سروس کا آغاز بھی کیا جا رہا ہے۔

رُوٹ 28 وینلیس

روٹ 28 وینلیس، ماؤنٹ پلیزنٹ کے مضافاتی علاقوں میں سواریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو سہولت فراہم کرے گا جو ماؤنٹ پلیزنٹ گو اسٹیشن تا وینلیس ڈرائیو کے جنوب میں ہورونٹیریو اسٹریٹ تک چلایا جائے گا۔ ماؤنٹ پلیزنٹ کے موجودہ رُوٹس – رُوٹس 26 ماؤنٹ پلیزنٹ اور 27 رابرٹ پارکنسن – کو دوبارہ ترتیب دیا جائے گا تاکہ اختتام ہفتہ کی اضافی سروس کے ساتھ کمیونٹی کے لیے سروس کی کوریج میں مزید اضافہ کیا جائے۔

رُوٹ 81 مے فیلڈ ویسٹ

روٹ 81 مے فیلڈ ویسٹ اپنی سروس برامپٹن تا کیلیڈون تک فراہم کرے گا۔ یہ ساؤتھ فیلڈز ولیج کے قرب و جوار کے علاقوں میں کینیڈی روڈ پر سینڈل ووڈ لُوپ اور نیوہاؤس بولیورد/بونیگلین فارم کے درمیان چلایا جائے گا۔

رُوٹ 50A گور روڈ

رُوٹ 50A گور روڈ پر ایک نئی سروس ہو گی جو سواریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد میں معاونت فراہم کرے گی، خاص طور پر دوران ہفتہ رش کے اوقات میں، اور اس سے ہمبر کالج کی جانب سفر کرنے والے مسافروں کو بھی سہولت میسر آئے گی۔ دوران ہفتہ صبح کے اوقات میں رش کے دوران یہ روٹ گور میڈوز کمیونٹی سینٹر اور ہمبر کالج کے درمیان چلایا جائے گا۔

سواریوں اور روابط کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر برامپٹن ٹرانزٹ اپنے موجودہ شیڈول اور حالیہ طور پر چلائی جانے والی بسوں کی تعداد میں بھی بہتری لائے گی، بشمول دوران ہفتہ صبح کے اوقات میں 502 زُوم مین پر 7 منٹ کے وقفے سے چلنے والی ایک نئی سروس اور 501A/501C زوم کوئین پر یارک یونیورسٹی سے 5 منٹ کے وقفہ کے بعد ایک ویسٹ باؤنڈ سروس کا آغاز۔

شیڈولز اور نئے روٹس کی معلومات کے بارے میں ایک خاکہ www.bramptontransit.com پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

برامپٹن ٹرانزٹ کی سروس کے بارے میں معلومات پرچہ – ریڈ اینڈ رائیڈ – اس اختتام ہفتہ کے آغاز پر ٹرانزٹ کی کلارک اور سینڈل ووڈ سہولت گاہوں اور سروس پر مامور بسوں میں بھی دستیاب ہو گا۔ ریڈ اینڈ رائیڈ اور رائیڈر گائیڈ (سسٹم میپ) 26 اگست سے شروع ہونے والے ہفتہ کے دوران ٹرمینلز پر دستیاب کر دیا جائے گا۔

سواریوں کو سروس میں لائی جانے والی مجوزہ بہتریوں سے روشناس کرانے کے لیے برامپٹن ٹرانزٹ کا عملہ 26 اگست تا 6 ستمبر تک ٹرانزٹ ٹرمینلز پر موجود رہے گا

برامپٹن ٹرانزٹ کی سروس میں ستمبر میں لائی جانے والی بہتریوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برامپٹن ٹرانزٹ کو 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ فرمائیں۔

برامپٹن ٹرانزٹ کی خبروں اور اعلانات سے فوری طور پر باخبر رہنے کے لیے www.bramptontransit.com پر ٹرانزٹ کے ای نیوز لیٹر کے لیے سائن اپ کریں۔ برامپٹن ٹرانزٹ کو ٹوئٹر، فیس بک، اور انسٹاگرام bramptontransit@ پر فالو کریں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca